(جلد دوم)

مناقب اہل بیتؑ

مشہور عربی کتاب

اَلْقَطْرَۃُ مِن بِحَارِ مَنَاقِبِ النَّبِیِّ وَالْعِتْرَۃِ

کا ترجمہ

مؤلف

آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم

حجۃ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

ناشر

ادارہ منہاج الصالحین

جناح ٹاؤن ٹھوکر نیاز بیگ، لاہور فون: 5425372

کل الحقوق محفوظة

نام کتاب .... مناقب اہل بیتؑ (جلد دوم)

مؤلف .... آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم .... حجۃ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

اہتمام .... مولانا ریاض حسین جعفری (فاضل قم)

ناشر .... ادارہ منہاج الصالحین لاہور

پروف ریڈنگ .... غلام حیدر چوہدری

ہدیہ .... =/200 روپے

(کمال الدین ۲/۶۷۵/۱ حدیث ۳۰ الکافی ۸/۲۴۱ حدیث ۳۳۰ بحار الانوار ۵۲/۳۳۶ حدیث ۷۵ الوافی ۲/۴۷۲)

آمد مہدیؑ

(۱۱۳/۲۲۶) شیخ مفید کتاب ارشاد ص ۳۶۹ میں امام باقر علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا:

كَأَنِّي بِالْقَائِمِ عَلَى نَجَفِ الْكُوفَةِ وَقَدْ سَارَ إِلَيْهَا مِنْ مَكَّةَ فِي خَمْسَةِ آلَافٍ مِنَ الْمَلَائِكَةِ جِبْرَائِيلُ عَنْ يَمِينِهِ وَمِيكَائِيلُ عَنْ شِمَالِهِ وَالْمُؤْمِنُونَ بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُوَ يُفَرِّقُ الْجُنُودَ فِي الْبِلَادِ

"گویا قائم علیہ السلام کو میں نجف میں دیکھ رہا ہوں جو مکہ سے پانچ ہزار فرشتوں کے ساتھ اس شہر کی طرف روانہ ہوئے ہیں جن کی دائیں طرف جبرائیل اور بائیں طرف میکائیل ہیں، آگے آگے مومنین ہیں اور حضرت اپنے لشکریوں کو مختلف شہروں کی طرف روانہ کر رہے ہیں"

(بحار الانوار ۵۲/۳۳۶ حدیث ۷۵ الزام الناصب ۲/۱۴۰ اثبات الہداۃ ۳/۵۵۵ حدیث ۵۷۹)

پردے اٹھ جائیں گے

(۱۱۴/۲۲۷) سید علی بن عبد الحمید کتاب غیبت میں ابن مسکان سے نقل کرتے ہیں کہ وہ کہتا ہے میں نے امام صادقؑ سے سنا کہ آپ نے فرمایا:

ان المؤمن في زمان القائمؑ وهو بالمشرق ليرى اخاه الذي في المغرب وكذا الذي في المغرب يرى اخاه الذي في المشرق

"حضرت قائم علیہ السلام کے زمانے میں مشرق میں رہنے والا مومن اپنے بھائی کو مغرب میں دیکھ سکے گا اور مغرب میں رہنے والا مومن اپنے بھائی کو مشرق میں دیکھ سکے گا"

(بحار الانوار ۵۲/۳۹۱ حدیث ۲۱۳ منتخب الاثر ص ۴۸۳ بشارۃ الاسلام ص ۲۵۴)